حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 23.9.2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔، قاسم آباد، لطیف آباد میرپورخاص، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو الھیار، ٹنڈو جام و گردونواح میں بجلی چوروں کے 323 کنکشن منقطع کردیئے، نادہندگان سے 4 لاکھ سے زائد ریکوری کرکے نادہندگان کے 171 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں سپرنٹینڈنٹ انجنیئر سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن کی سربراہی میں آپریشن سب ڈویژن قاسم آباد میں XEN قاسم آباد عقیل نور میمن SDO قاسم آباد وحید برڑو کے ہمراہ سب ڈویژن قاسم آباد کے علاقوں کارروئیاں کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 50 کنشکن منقطع کرکے 4 لاکھ 5 ہزار 95 روپے کی وصولی کی اور نادہندگان کے 29 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، اس کے علاوہ SDO شہید امید علی سب ڈویژن ممتاز میمن نے کارروائی کے دوران 33 کنڈہ کنکشن کاٹ کر تاریں اپنے قبضے میں لے لیں اور نادہندگان کے 19 بجلی کنکشن واجبات کی ادائیگی نہ کرنے پر کاٹ دیئے ۔میرپورخاص میں کارروائی کرتے ہوئے ہیرآباد سب ڈویژن کے علاقوں سے 45 غیرقانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے ہیں اور نادہندگان کے 23 کنکشن بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر کاٹے گئے ہیں۔ٹنڈوالھیار میں چیکنگ کے دوران 60 کنڈہ کنکشن کاٹے گئے اور نادہندگان کے 20 کنکشن بھی منقطع کییئے گئے۔ٹنڈوجام میں کارروائی کرتے ہوئے رشید کالونی میں بجلی کنکشن میں چوری پائی گئی فوری طور پر کنکشن منقطع کرکے 39 غیرقانونی کنکشن منقطع کییئے گئے اور نادہندگان کے 30 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، XEN ٹنڈو محمد خان، جاوید احمد صدیقی کی سربراہی میں ٹنڈو محمد خان سب ڈویژن ون میں کارروائی کے دوران گاؤں منا خاصخیلی اور لقمان خاصخیلی کے واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری میں ملوث ہونے والے 02 عدد 50 کے وی اے کے ٹرانسفارمر اتار لییئے گئے جس کے مجموعی طور پر 96 کنڈہ کنکشن اور نادہندگان سے 50 کنکشن منقطع ہوئے ہیں۔بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی گئیں. واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔آپ کے تعاون کا متمنی، حیسکو۔




حیدرآباد: حیسکو چیف ریحان حمید کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور ناہندگان کے خلاف کارروائی جاری ہیں